سوال

ایک شخص کی والدنے دو عورتوں سے شادی کی، اوراس کے والد کی دوسری بیوی سے بیٹیاں ہیں، اس کا باپ فوت ہوگیا تواس کے والد کی ایک بیوی جواس کی خالہ ہوگی سے کسی دوسرے شخص نے شادی کرلی، توکیا باپ کی جانب سے اس کی بہنیں اس شخص کی محرم ہونگی یا نہیں ؟

جواب

الحمد للہ

اگر کسی شخص نے ایسی عورت سے شادی کی جس کی بیٹیاں ہوں توجب وہ شخص ان لڑکیوں کی ماں سے دخول کرلے تووہ ان کا محرم بن جائیگا؛ کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اورتمہاری پرورش کردہ وہ لڑکیاں جوتمہاری گودمیں ہیں تمہاری ان بیویوں سے جن سے تم دخول کرچکے ہو، ہاں اگر تم نے ان سے جماع نہیں کیا توتم پر کوئی گناہ نہیں النساء (23).

ربیبہ بیوی کی بیٹی کوکہا جاتا ہے، اس میں شرط نہیں کہ وہ نئے خاوند کی گودمیں پرورش پائے، کیونکہ یہ قید غالب مخرج کی نکل گئی ہے، اس لیے یہ شرط نہیں ہوگی

اورفقہاء کا اتفاق ہے کہ ربیبہ اپنی ماں کے خاوند پر حرام ہوگی جب ماں سے دخول کرلیا جائے، چاہے ربیبہ اس کی گوداورپرورش میں نہ بھی ہو

دیکھیں : تفسیر القرطبی (101/5).

اور مستقل فتوی کمیٹی کے فتاوی جات میں درج ہے :

جب کوئی شخص کسی عورت سے شادی کرے اوراس سے دخول بھی کرلے تواس کےلیے اس عورت کی بیٹیاں اور بیٹیوں کی اولادتک ابدی حرام ہوجاتی ہے، چاہے وہ پہلے خاوند سے ہوں یا بعد والے خاوند سے

کیونکہ اللہ عزوجل کا فرمان ہے :

تم پر حرام کی گئی ہیں تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں، اور تمہاری پھوپھیاں، اور تمہاری خالائیں اور بھائی کی لڑکیاں، اور بہن کی لڑکیاں اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا ہو، اور تمہاری دودھ شریک بہنیں اور تمہاری ساس اور تمہاری پرورش کردہ وہ لڑکیاں جوتمہاری گودمیں ہیں تمہاری ان بیویوں سے جن سے تم دخول کرچکے ہو، ہاں اگر تم نے ان سے جماع نہیں کیا توتم پر کوئی گناہ نہیں اور تمہارے صلبی سگے بیٹوں کی بیویاں اور تمہارا دو بہنوں کا جمع کرنا، ہاں جو گزرچکا سو گزرچکا یقینا اللہ تعالی بخشنے والا رحم کرنے والا ہے، اور شوہر والی عورتیں مگر وہ جو تمہاری ملکیت میں آجائیں، اللہ تعالی نے یہ احکام تم پر فرض کردیئے ہیں النساء (23-24).

یہاں ربیبۃ : سے مراد بیوی کی بیٹی ہے، جو شخص بھی اس عورت سے شادی کرکے اس سے دخول کرلے تووہ اس کی بیٹیوں کا محرم ٹھرے گا، اوران کےلیے اس سے پردہ نہ کرنا جائز ہے" انتہی

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (101/5).

اس بنا پر جس تخص کے متعلق سوال کیا گیا ہے جب اس نے اس عورت سے شادی کر کے دخول کر لیا ہے تو وہ اس کی سب بیٹیوں اور بیٹیوں کی اولاد کا بھی محرم بن گیا اگر ہوں تو

واللہ اعلم

اسلام سوال وجواب

119165